سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! سوال : کیا کپڑوں مثلاََ ٹی شرٹ کے آگے یا پیچھے آیت، حدیث، اقوال، یا اللہ اور رسول کا نام یا قرآن وغیرہ شعائر کی تصویر بنانا/چھپوانا درست ہے؟ برائے مہربانی رہنمائی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں جزاکم اللہ خیرا

جواب

کپڑوں پر مقدس نام لکھنے کا حکم۔؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا کپڑوں مثلاََ ٹی شرٹ کے آگے یا پیچھے کوئی آیت، حدیث، اقوال، یا اللہ اور رسول اللہ کا نام یا قرآن وغیرہ شعائر کی تصویر بنانا/چھپوانا درست ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته! الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ایسا کرنا ناجائز اور حرام ہے ،کیونکہ اس عمل سے ان چیزوں کا استخفاف اور توہین ہوتی ہے۔ جو کسی بھی مسلمان کے شایان شان نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث